مدح التهاني

بمناسبة عيد الاضحیٰ ۔١٤٢٧ھ

جسنے پابوسي کي اٰپکي	اُسکي حجّ حقيقي هوئي
جسکوحاصل هوئي يه خوشي	اُسکي حجّ حقيقي هوئي

هے حقيقي تو بيتِ خدا	کرکے رُخ تيري جانب سدا
جسنے کرلي اداء بندگي	اُسکي حجّ حقيقي هوئي

درِ شه پر بنيّة صاف	جو بهي ديتا رها هے طواف
هر تمنّا اُسے مل گئي	اُسکي حجّ حقيقي هوئي

عرفة پر کرے جو قيام	مان کر اِنکو رُکن ومقام
کُل گناه سے هوا وه بَري	اُسکي حجّ حقيقي هوئي

زهے قسمت جسے هو عطاء	انکي قُربت و مُزدَلِفة
بخدا اُسکي حُرمت بڑهي	اُسکي حجّ حقيقي هوئي

تیرا دربار مولیٰ حرم　　اور زمزم هے تیرا کرم
اِنکي برکات جسنے بهي لي　　اُسکي حجِّ حقیقي هوئي

مُلتزم تم ، تم هي مُستجار　　تم سے قائم هے أرکان چار
تم سے آقا جسے لو لگي　　اُسکي حجِّ حقیقي هوئي

لاکهوں جانوں سے قربان هو　　عجز سے پهر بهي کهتا هو جو
کچه اداء نه هوئي نُسُکي　　اُسکي حجِّ حقیقي هوئي

تا قیامت هو انکي بقاء　　رو بصحّة رهے یه سدا
یه دعاء جو کرے هر گهڑي　　اُسکي حجِّ حقیقي هوئي

خدمت شه میں شاکر مُدام　　جسنے کي اپني عمر تمام
صفاء ، مروة کي سعي هوئي　　اُسکي حجِّ حقیقي هوئي